# انجمن وارپر سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن

رجسٹریشن نمبر DSW-2417-K

## وارپر کا تعارف

وارپر اس محنت کش کو کہتے ہیں جو وارپنگ مشین پر کام کرتا ہو۔ وارپنگ ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال ہونے والی ایک مشین ہے۔ دنیا میں کہیں بھی ٹیکسٹائل فیکٹری ہو وہاں وارپینگ مشین ضرور ہوگی۔ تنظیم کے صدر فیاض صاحب بھی ایک وارپر ہیں اور انہوں نے اس کام کو فروغ دینے کیلئے تنظیم کا نام انجمن وارپر سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن رکھا۔



## تنظیم کا پس منظر

اورنگی ٹاؤن ایشیاء کی سب سے بڑی کچی آبادی ہے۔ اس علاقے میں وقت کے ساتھ متواتر ترقیاتی کام ہوتے رہے جس سے اورنگی ٹاؤن میں بہت تبدیلی آئی مگر عوامی مسائل بھی متواتر بڑھتے رہے۔ 2004ء میں فیاض احمد صاحب کی سربراہی میں علاقے کے مرد و خواتین کے ساتھ اورنگی ٹاؤن کے مسائل کے بارے میں بات چیت کی گئی تنظیم کے متعلق آگاہی دی گئی۔ علاقے کے لوگ ساتھ دینے کیلئے تیار ہوئے کافی غور و خوض کے بعد تنظیم کا منشور اوراغراض و مقاصد تیار کئے گئے اور دسمبر 2004ء میں تنظیم کے منشور اور اغراض و مقاصد کو کافی بحث و مباحثے کے بعد اجلاس میں متفقہ منظور کرلیا گیا۔

بعد ازاں انجمن وارپر سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کو محکمہ سماجی بہبود حکومت سندھ سے 25 مئی 2005ء کو رجسٹریشن نمبر DSW-2417-K کے تحت رجسٹرڈ کروالیا گیا۔ عوام کے جملہ مسائل کا احاطہ کرنے کے باوجود ان کے مسائل اتنے ہیں کہ شمار کرنا ممکن نہیں ہے لیکن تنظیم کا بنیادی مقصد کراچی کے پسماندہ علاقوں کی فلاح و بہبود اور عوام کی خدمت کرنا ہے۔ معاشرے میں پھیلی ہوئی بے ایمانی، مایوسی اور علاقے کے دیگر بنیادی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی اور علاقے کے محنت کش عوام کی امنگوں کے مطابق اس فلاحی پروگرام پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی۔ تنظیم کے ذمہ دار دوستوں کی انتھک محنت اور کوششوں کے نتیجے میں کراچی کے 18 ٹاؤنز کے پسماندہ علاقوں میں خاص کر اورنگی ٹاؤن میں فلاح و بہبود کا کام جاری ہے۔ مختلف انداز میں مختلف شعبوں جن میں دینی شعبہ بھی شامل ہے اس میں بھی مصروف عمل ہے۔

## تنظیمی ڈھانچہ:

| | |
|---|---|
| صدر: | فیاض احمد |
| نائب صدر: | محمد یاسین انصاری |
| جنرل سیکریٹری: | شیخ آصف انجم |
| جوائنٹ سیکریٹری: | شمیمہ یاسمین |
| فنانس سیکریٹری: | انوار احمد |
| انفارمیشن سیکریٹری: | عاصمہ خاتون |

## ممبران مجلس عاملہ:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ محمد فیاض علی | ۲۔ راشد محمود | ۳۔ جہانگیر احمد خاں |
| ۴۔ جمال الدین انصاری | ۵۔ نور عالم | ۶۔ زاہد |
| ۷۔ اسرار احمد | ۸۔ ایاز احمد | ۹۔ شاہدہ پروین |
| ۱۰۔ خورشید بیگم | ۱۱۔ رشیدہ خاتون | ۱۲۔ آمنہ خاتون |
| ۱۳۔ ساجدہ خاتون | ۱۴۔ شبانہ بیگم | ۱۵۔ شمع خاتون |
| ۱۶۔ مومنہ خاتون | ۱۷۔ صائمہ بیگم | ۱۸۔ ثمینہ خاتون |
| ۱۹۔ مریم بی بی | ۲۰۔ انوری بیگم | ۲۱۔ رخسانہ بیگم |
| ۲۲۔ نور جہاں | **لیگل ایڈوائزر:** | **فضل ربی شیخ ایڈوکیٹ** |

### ڈسپنسری کا قیام:

وار پر ایسوسی ایشن کے کارکنان عوامی خدمت کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں انہی میں سے ایک کارکن محمد یاسین انصاری ہے جس کی محنت اور لگن کے ذریعے فلاحی ڈسپنسری کا قیام 18-04-2010 کو کیا گیا وسائل نہ ہونے کی وجہ سے افتتاح نہیں ہو سکا مگر انسانی خدمت کے لیے خواتین ڈاکٹر اور ڈاکٹر صاحب جو کہ M.B.B.S ہیں مریضوں کا چیک اپ کرتے ہیں۔ 92 مریضوں کو فلاحی ڈسپنسری میں فری دوائیاں دی گئیں صبح 11 بجے سے رات 9 بجے تک یہ سلسلہ جاری رہا دور دراز علاقوں سے مریض آئے تھے دوائیاں جناب نسیم صاحب کی طرف سے فراہم کی گئی تھیں۔ ادارے کی جانب سے فلائی ڈسپنسری میں صرف دس روپیہ فیس رکھی گئی ہے مخیر حضرات سے گذارش ہے کہ وہ فلاحی ڈسپنسری کے لیے دوائیاں فراہم کریں کیونکہ دوائیاں کے لیے ابھی کہیں سے آنے کی امید نہ ہونے کی وجہ سے غریب مریضوں کے لیے ڈسپنسری چلانے میں دشواری ہو رہی ہے کیونکہ دوائیاں نہیں ہیں حضرات رابطہ کر سکتے ہیں یہ ادارہ اپنی مدد آپ کے تحت چلایا جا رہا ہے ادارے کے پاس وسائل نہیں ہے۔ اس سلسلے میں رابطہ کے لیے 0301-2899262 پر رابطہ کریں۔



# ڈسپنسری کی تصاویر





## میڈیکل کیمپ:

وار پر ایسوسی ایشن کی طرف سے ہر سال 10 محرم الحرام کو فرسٹ ایڈ کا میڈیکل کیمپ لگایا جاتا ہے ادارے کا مقصد ایمرجنسی کی حالت میں کسی قسم کی حادثاتی صورت میں فوری مدد کرنا ہوتا ہے گذرے ہوئے محرم الحرام میں بارہ (12) آدمیوں کی مرہم پٹی کی گئی اور دوائیاں بھی دی گئی تھیں۔ یہ انتظامات ادارے کہ کارکنوں کیجانب سے اپنی مدد آپ کے تحت کیا جاتا ہے۔






## HIV/AIDS یوتھ تھیٹر:

وار پر ایسوسی ایشن اور یوتھ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے اشتراک سے شعور اجاگر جاسکے کا پروگرام کیا گیا ادارے کے کارکنوں نے آگاہی کے سلسلے میں حصہ لیا تاکہ عوام الناس اور خاص کر نوجوان طبقوں میں ایڈز کے حوالے اور اسکے نقصانات اور بچاؤ کے طریقے انہیں بتائے جاسکیں اسی سلسلے میں اسٹیج تھیٹر کا پروگرام کیا گیا اس پروگرام میں P.H.A.P.C.P کے ڈائریکٹر ڈاکٹر نظامانی، پاکستان HIV/AIDS کے مسٹر دانش ضیا، مسٹر شون یوتھ ویلفیئر کی عائشہ ضیاء اور نگی ٹاؤن کے D.D.O طاہر محمود صاحب اور مختلف NGOs کے کارکنوں بھی موجود تھے اچھی کارکردگی پر ادارے کو حسن کارکردگی کا انعام ملا۔



## HIV/AIDS آگاہی کے لیےورکشاپ:

تنظیم کی طرف سے نوجوانوں کیلئے HIV/AIDS کی آگاہی کے لیے ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ٹریننگ کے حوالے سے یوتھ ویلفیئر کی جانب سے ڈاکٹر ظفر شاہد، مقصود احمد اور دیگر کارکنوں نے HIV/AIDs کے حوالے سے نوجوانوں میں شعور بیدار کیا کہ کس طرح یہ مرض پھیلتا ہے، کس کس چیز سے یہ بیماری ایک دوسرے میں منتقل ہوتی ہے اور اس سے بچنے کا طریقہ کیا ہے۔



## زلزلہ زدگان کی امداد:

وارپر ایسوسی ایشن کی طرف سے زلزلہ زدگان کے لیے اورنگی کے دو علاقوں میں کیمپ لگایا سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کی اجازت سے کام کی نگرانی اورنگی ٹاؤن کے D.D.O انوار عالم کررہے تھے زلزلہ زدگان کے لیے گرم کپڑے ٹھنڈے کپڑے اشیائے خوردنوش اور دوائیاں وغیرہ D.D.O کے حوالے کی گئیں جو بعد ازاں متاثرین کو پہنچا دیا گیا۔ واضح رہے کہ امدادی کیمپ کے تمام اخراجات وارپر تنظیم نے برداشت کیا تھا۔



## SPO کی سہ روزہ ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت:

SPO ملک کی ایک نامور NGO ہے۔ ہماری تنظیم کی کارکردگی میں مزید نکھار پیدا کرنے کیلئے دو دفعہ سہ روزہ ٹریننگ ورکشاپ میں ہمیں مزید سیکھنے کا موقع ملا جس سے ہمیں سماجی مسائل سمجھنے اور حل کرنے میں مدد ملی۔






# عید میلاد النبی

تنظیم کی طرف سے بارہ ربیع اول کو عید میلاد النبی کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ مولانا شاہد قادری ،عبدالرؤف صدیقی ،صلاح الدین صاحب کے ساتھ دیگر نعت خواں بچوں نے بھی شرکت کی۔ عید میلاد النبی پروگرام کرنے کا مقصد دنیا میں حضور کی آمد اور انکی زندگی کے طرز پر چلنا اور آخرت کی زندگی کے بارے میں عوام الناس کے لیے شعور بیدار کرنا ہے کیونکہ ہم دین سے بہت دور ہوتے جارہے ہیں عید میلاد النبی پروگرام اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں کرایا گیا۔



## یوم پاکستان:

ہماری تنظیم ہر سال یوم پاکستان مناتی ہے اور اس دن مزار قائد پر حاضری دیکر فاتحہ خوانی کی جاتی ہے جس میں استحکام پاکستان اور عوامی خوشحالی کیلئے دعائیں مانگی جاتی ہیں نیز نو جوانوں کو مزار قائد پر لاکر قیام پاکستان کی جدو جہد پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔



## جہیز کا سامان:

وارپر ایسوسی ایشن کے ذمہ داروں نے اورنگی ٹاؤن کے صاحب حیثیت افراد سے ملکر چھ غریب خاندانوں کی بچیوں کی شادی کیلئے فرنیچر ٹینٹ اور کھانے کا انتظام کروایا جوکہ مستحق گھرانوں میں سے تھے اور جہیز نہ ہونے کی وجہ سے شادی نہیں کر سکتے تھے۔ مخیر حضرات کے تعاون سے محنت کش بچوں کی شادی ممکن ہوسکی۔

## بارش سے نقصانات کے بچاؤ کے اقدامات:

30-07-2005 کو وارپر ایسوسی ایشن کے ذمہ داروں نے اورنگی ٹاؤن کے T.M.O سے ایک ہنگامی میٹنگ کی جسمیں بارش سے ہونے والے نقصانات اور اسکے بچاؤ کے اقدامات پر بحث کی گئی ہمارے علاقے میں کچھ پہاڑی مکانات ایسے ہیں جہاں سے برسات کے دوران پہاڑی مٹی کا تودہ گرنے سے جانی نقصان ہونے کا خدشہ رہتا ہے بعدازاں ہم نے ان مقامات کا TMO کو دورہ کرایا اور حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کیا۔

## راشن کی تقسیم:

تنظیم کی جانب سے رمضان المبارک کے مہینے میں مخیر حضرات کے تعاون سے اپنی مدد آپ کے تحت اورنگی ٹاؤن کی کچی آبادی میں 45 خاندانوں میں اشیائے خوردنوش، عیدی اور کپڑے وغیرہ تقسیم کیے گئے جو کہ ہر سال رمضان کے مہینے میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔ انشاء اللہ آئندہ بھی ہم یہ پروگرام جاری رکھیں گے اس سلسلہ میں بھی مخیر حضرات سے تعاون کی اپیل ہے۔

## گرم کپڑوں کی تقسیم:

وار پر ایسوسی ایشن کی طرف سے اپنی مدد آپ کے تحت سردی کے موسم میں اورنگی ٹاؤن کے پسماندہ علاقوں میں جا کر گرم کپڑے سوئیٹر وغیرہ 100 بچوں اور خواتین میں تقسیم کیے گئے۔ ہم ہر سال موسم سرما میں گرم کپڑے تقسیم کرتے ہیں۔